مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کیلئے نرمی کی سفارشات

حکومت، صحت عامہ کے ادارے کی سفارشات کے مطابق مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کیلئے نرمی کررہی ہے۔ نجی گھروں میں مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد دوسرے مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کے ساتھ قریبی سماجی رابطہ (ایک میٹر سے بھی کم) رکھ سکتے ہیں۔ یہ افراد دیگر غیر ویکسین شدہ افراد جو کہ رسک گروپ سے تعلق نہیں رکھتے ان سے بھی قریبی سماجی رابطہ رکھ سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں میں سفارشات اور قواعد، ویکسین شدہ اور غیر عیکسین شدہ افراد کیلئے یکساں ہیں۔

ہمیں متواتر معلومات حاصل ہورہی ہیں کہ ویکسین سنگین بیماری اور دوسرے افراد تک بیماری پھیلانے کے خلاف نہایت موشر ثابت ہورہی ہے۔ وزیر صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیے کا کہنا ہے کہ ان معلومات کو جہاں تک ممکن ہو لاگو کردہ اقدامات میں نرمی کیلئے استعمال کرنا چاہیے۔

مناسب تحفظ کیلئے دو خوراکیں لازمی ہیں۔

عوام الناس میں مساوی اصول

جبکہ ویکسین سے تحفظ مناسب حد تک ملتا ہے لیکن ویکسین شدہ افراد کویڈ 19 سے پھر بھی متاثر یا بیمار ہوسکتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ویکسین شدہ افراد دیگر افراد کو متاثر کریں۔ اس کا اطلاق اس وقت بھی ہوتا ہے جب انسان کو خود بھی اس کا علم نہیں ہوتا کہ وہ بیماری میں مبتلا ہے۔

بیرون خانہ،لوگوں کے درمیان انسان کو اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ وہ کسی غیر ویکسین شدہ، رسک گروپ سے تعلق رکھنے والے فرد کے قریب ہے۔ ہوئیے کا کہنا ہے کہ جب تک معاشرے میں بیشتر افراد کو ابھی تحفظ حاصل نہیں ہوا اور بعض اوقات ویکسین شدہ افراد خود بھی بیماری کا شکار ہوسکتے ہیں اور دوسروں تک بھی پھیلاسکتے ہیں، تب تک عوامی حلقوں میں ہر ایک کیلئے سفارشات اور قواعد یکساں ہونے چاہیے۔

کرونا سرٹیفیکٹ جاری ہونے لگا ہے۔

اب جبکہ آبادی کے بڑے حصے کو ویکسین لگتی جارہی ہے تو پابندیوں کی تعداداور معاشرے میں دیگر بیماری سے بچاؤ کے عمومی اقدامات میں تمام افراد کیلئے نرمی کی جاسکے گی۔ اس کے ساتھ ہی ہم قومی بنیادوں پر کرونا سرٹیفیکٹ کیلئے کام کررہے ہیں ہوئیے نے بتایا۔

کرونا سرٹیفیکٹ میں، ویکسین کی حیثیت، کویڈ 19کی بیماری گزارنے اور تازہ ترین ٹیسٹ کی معلومات کا اندراج ہوگا۔ اس کے نتیجے میں سرٹیفیکٹ کے حامل افراد کیلئے عوامی حلقوں میں نرمی حاصل ہوسکے گی۔ لیکن ایسا ,صرف ویکسین لگانے کے بعد ممکن نہیں ہوگا۔

ہوئیے کا کہنا ہے کہ ہم ویکسین کی حیثیت پرقرنطین کی شرط کے سلسلے میں غور کررہے ہیں۔

مکمل طورپر ویکسین شدہ افراد کیلئے مشورے

- نجی گھروں اور گاڑیوں میں مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد دوسرے مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کے ساتھ قریبی سماجی رابطہ (ایک میٹر سے کم) رکھ سکتے ہیں، حالانکہ وہ افراد رسک گروپ کے ساتھ بھی تعلق رکھتے ہوں۔

- مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد غیر پر ویکسین شدہ افراد کے ساتھ قریبی سماجی رابطہ رکھ سکتے ہیں، جن کا تعلق رسک گروپ نہ سے ہو ۔

- مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد دوسرے غیر ویکسین شدہ افراد جن کا تعلق رسک گروپ سے ہو اور ان کے گھرانے سے تعلق نہ رکھتے ہوں تو ان سے مناسب فاصلہ (کم از کم ایک میٹر)رکھیں۔

بیرون خانہ، لوگوں میں (عوامی حلقوں، بشمول عوامی ٹرانسپورٹ) مشورے اور قواعد میں کوئی تبدیلی نہیں کی جارہی۔ اس کا اطلاق مثال کے طور پر، فاصلے، تعداد ،حفظان صحت اور چہرے کے ماسک کے استعمال سے متعلق مشورے اور قواعد پر بھی ہوتا ہے۔